سوال

(628)میری ماں نے جس عورت کا دودھ پیا اس کی کچھ سوکنیں ہیں، کیا ان کے بیٹے میرے ماموں ہوں گے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری ماں کو ایک دوسری عورت نے دودھ پلایا، اور اس دودھ پلانے والی کی کچھ سوکنیں ہیں۔ کیا ان سوکنوں کے بیٹے میرے ماموں ہوں گے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ دودھ پلانے والی عورت تمھاری رضاعی نانی ہوگی کیونکہ اس نے تمھاری ماں کو دودھ پلایا ہے اور دودھ پلانے والی کا خاوند تیری ماں کا رضاعی باپ اور تیرا رضاعی نانا ہو گا اور اس عورت کی سوکنیں تیرے رضاعی نانا کی بیویاں ہیں ان کی اولاد تیری ماں کے بھائی اور تیرے ماموں ہوں گے چونکہ ان کا باپ تیرا نانا ہے اور وہ تمھاری نانا کی اولاد ہیں لہٰذا وہ تیرے رضاعی ماموں ہوں گے۔ (عبداللہ بن جبرین)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 560

محدث فتویٰ